© rasailojaraid.com



کراچی ۲۰۱۳ء، پاکستان میں رابطہ: ۰۳۲۱۳۸۹۷۷۶۰،

سعودی عرب: ۰۰۹۶۶۵۰۲۳۱۱۸۳۱

**قیمت وصفحات** : درج نہیں، صفحات ۵۱۲

ڈاکٹر عبدالرحمٰن کوثر صاحب مولانا عاشق الٰہی بلندشہری رحمۃ اللہ علیہ کے صاحبزادہ ہیں، موصوف بہت ذی علم، متواضع شخصیت ہیں۔ اپنے والد کی طرح عظیم مصلح، مبلغ ومصنف ہیں، اس وقت سعودی عرب میں مدینہ منورہ کی یونیورسٹی میں تدریسی فرائض بھی انجام دے رہے ہیں۔

ڈاکٹر صاحب کی کتاب سات رسائل کا مجموعہ ہے، جو الگ الگ بھی شائع ہوچکی ہیں، جس کی تفصیل یہ ہے:

○ فضائل حج وعمرہ: جس کا مقصد لوگوں میں حج وعمرہ کی سعادت کا شوق پیدا کرنا ہے، ○ دوسرا رسالہ آداب حج وعمرہ پر مشتمل ہے، جس میں احکام بیان کئے گئے ہیں۔

○ تیسرا احکام طواف پر مشتمل ہے، جس میں خاص طواف کے آداب واحکام بیان کئے گئے ہیں۔ ○ چوتھا آب زم زم کے فضائل ومسائل پر مشتمل ہے، ○ پانچواں رسالہ خواتین کے مسائل حج وعمرہ پر مشتمل ہے، تاکہ خاص خواتین کی رہنمائی کی جاسکے، خواتین اکثر مسائل سے واقف نہیں ہوتیں اور کچھ مسائل ایسے ہوتے ہیں کہ شرم کی وجہ سے کسی سے معلوم نہیں کرسکتیں۔ ○ چھٹا رسالہ فضائل مدینہ منورہ پر مشتمل ہے، جس میں فضیلت اور احکام جمع کردیے گئے ہیں، ساتواں رسالہ حج کے پانچ دن۔ آپ کے والد مولانا عاشق الٰہی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے، جسے اس کتاب کا حصہ بنادیا گیا ہے۔

یہ کتاب اہل علم اور عوام دونوں کے لئے مفید ہے، ڈاکٹر صاحب نے اکثر جگہوں پر تخریج حدیث کا کام بھی کیا ہے، جس سے اس کتاب کی اہمیت وافادیت بڑھ گئی ہے۔ دعاء ہے اللہ تعالیٰ موصوف سے مزید علمی ودینی خدمات لے۔ (آمین)

**کتاب کا نام** : روضۃ الازھار فی محبۃ الصحابۃ للنبی ﷺ المختار (عربی)

**مصنف** : مولانا ڈاکٹر مفتی عبدالرحمٰن کوثر مدنی

**ناشر** : فھرسۃ مکتبۃ الملک فھد الوطنیۃ أثناء النشر ۱۴۲۹ھ

مدینہ منورہ سعودی عرب فون نمبر: ۰۰۹۶۶۵۰۲۳۱۱۸۳۱

© rasailojaraid.com